Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصّہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) جس نظم میں حضور ﷺ کی تعریف بیان کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ حمد ب۔ قصیدہ ج۔ نعت د۔ منقبت

(ii) شاعر جس شہر میں جانے کی آرزو کر رہا ہے اس کا کیا نام ہے؟

الف۔ مدینہ ب۔ مکہ ج۔ ریاض د۔ طائف

(iii) مرزا غالبؔ کو کون سا پھل پسند تھا؟

الف۔ سیب ب۔ آم ج۔ کیلا د۔ انار

(iv) دوست کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ دشمن ب۔ بھائی ج۔ استاد د۔ باپ

(v) نام دیو کو __________ کے علاج میں مہارت تھی۔

الف۔ بچوں ب۔ بوڑھوں ج۔ جانوروں د۔ عورتوں

(vi) سورج مشرق سے نکلتا ہے اور __________ میں غروب ہوتا ہے۔

الف۔ مغرب ب۔ شمال ج۔ جنوب د۔ مشرق

(vii) حق اور __________ میں تمیز کرنا سیکھیں۔

الف۔ سچ ب۔ جھوٹ ج۔ باطل د۔ فرض

(viii) ''یتیم شہزادے کی ٹھوکریں'' کا مصنف کون ہے؟

الف۔ پطرس بخاری ب۔ خواجہ حسن نظامی ج۔ سر سید احمد خان د۔ شبلی نعمانی

(ix) میرے بھائی صاحب مجھ سے __________ سال بڑے تھے۔

الف۔ چار ب۔ پانچ ج۔ چھ د۔ سات

(x) انگریزی پڑھنا کوئی __________ نہیں ہے۔

الف۔ مذاق ب۔ سہل ج۔ ہنسی کھیل د۔ آسان

(xi) اعمال کا واحد کیا ہے؟

الف۔ عمل ب۔ علم ج۔ عالم د۔ علماء

(xii) دونوں لونڈیاں کہاں چھپی تھیں؟

الف۔ کمرے میں ب۔ غسل خانوں میں ج۔ پلنگ کے نیچے د۔ دیوار کے پیچھے

(xiii) چڑیا کا مذکر کیا ہے؟

الف۔ چڑا ب۔ چڑی ج۔ چڑچڑا د۔ چڑیل

(xiv) گھوڑا کی مونث کیا ہے؟

الف۔ گھوڑی ب۔ گھوڑے ج۔ گھڑسواری د۔ گھڑا

(xv) درست کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ غلط ب۔ صحیح ج۔ ربط د۔ ضبط

دستخط ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ (05) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (10)

(i) ہمسائیوں کے حقوق کے متعلق نبی کریم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟

(ii) کشتی ڈوبنے کے کون سے دو اسباب تھے؟

(iii) اکثر لوگ غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟

(iv) کسی پودے کو کیڑا لگ جاتا تو نام دیو مالی کیا کرتا؟

(v) یہ مضمون کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ (بحوالہ سویرے جو کل آنکھ میری کھلی)

(vi) بڑے بھائی صاحب کتاب کے حاشیوں پر کن کی تصویریں بناتے تھے؟

(vii) ماہ عالم کو لونڈیوں سمیت کہاں لے جایا گیا؟

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں: (10)

(i) سائنس اور مذہب کے فاصلے (ii) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

سوال نمبر۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تین سے پانچ جملوں تک محدود جوابات لکھیے: (10)

(i) عورتوں کی حیثیت کو بلند کرنے کے لیے حضور پاک ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) خادم خلق اپنی موت کو شاندار قرار دیتا ہے۔ کیوں؟

(iii) نام دیو کی موت کیسے ہوئی؟

سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (10)

حضرت محمد ﷺ صفائی کا خاص خیال رکھتے تھے۔ ایک شخص کو میلے کپڑے پہنے دیکھا تو فرمایا اس سے اتنا نہیں ہوتا کہ کپڑے دھولیا کرے۔ آپ ﷺ گفتگو ٹھہر ٹھہر کر فرماتے تھے۔ جو بات آپؐ کو ناپسند ہوتی اس کو ٹال دیتے تھے۔ آپؐ کو ہنسی آتی تو مسکرا دیتے۔

سوالات:

(i) حضرت محمد ﷺ کو کس چیز کا زیادہ خیال رہتا تھا؟ (ii) ایک شخص کو میلے کپڑوں میں دیکھا تو حضورؐ نے کیا فرمایا؟

(iii) آپؐ کیسے گفتگو فرماتے تھے؟ (iv) کوئی بات ناپسند ہوتی تو حضور ﷺ کیا کرتے تھے؟

(v) ہنسی آتی تو حضور ﷺ کیا کرتے تھے؟

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۶: پرنسپل کے نام چھٹی کی درخواست لکھیں۔ (10)

-یا-

والد کے نام کامیابی کی اطلاع کا خط لکھیے۔

سوال نمبر۷: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیے: (10)

(i) پیاسا کوّا (ii) لالچ بری بلا ہے۔